© rasailojaraid.com

ناظم دفتر اہتمام

# احوال و کوائف دار العلوم

## واردین و صادرین

**سفیر لیبیا** ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۹۵ھ کو جمہوریہ عربیہ لیبیا کے سفیر کبیر جناب شیخ صالح السیار پشاور جاتے ہوئے کچھ دیر کیلئے دار العلوم حقانیہ میں ٹھہرے نماز عصر کے بعد آپ کو مولانا سمیع الحق ایڈیٹر ماہنامہ الحق نے دار العلوم کی عمارات دفاتر وغیرہ کا سرسری معائنہ کرایا۔ دار العلوم میں عید الاضحیٰ کی تعطیل تھی، پھر بھی کافی طلبہ موجود تھے جنہیں دیکھ کر سفیر محترم نہایت خوش ہوئے اور طلبہ بھی جناب شیخ صالح جیسے اسم بامسمیٰ صالح اور متشرع شخصیت سے بے حد متاثر ہوئے۔ سفیر محترم نے دار العلوم کی کتاب الآراء میں اپنے تاثرات قلمبند کرتے ہوئے کہا کہ اس سرسری زیارت نے بھی مجھے اس نتیجہ پہ پہنچایا ہے کہ دار العلوم ہر طرح کے اجلال و تقدیر کا مستحق ہے۔ اور میری تمنا ہے کہ میں بہت جلد دار العلوم میں دوبارہ آؤں اور اطمینان سے کچھ دیر ٹھہروں۔

**گورنر سرحد** صوبہ سرحد کے موجودہ گورنر جناب ریٹائرڈ میجر جنرل سید غواث صاحب اپنے دینی جذبات کی بناء پر حضرت شیخ الحدیث مولانا عبد الحق مدظلہ سے دیرینہ مخلصانہ رسم و راہ اور عقیدتمندانہ تعلق رکھتے ہیں۔ ۲۶ دسمبر بروز جمعہ اچانک دار العلوم تشریف لائے۔ دار العلوم میں جمعہ کی تعطیل تھی آپ نے دفتر اہتمام میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے ساتھ کافی دیر تک قیام کیا اور دار العلوم کے مختلف شعبوں کی تفصیلات کے معائنہ کے دوران نہایت خوشی کا اظہار کیا۔ تقریباً چار بجے آپ دار العلوم سے واپس تشریف لے گئے اس سے کچھ دن قبل بھی آپ نے حضرت شیخ الحدیث مولانا عبد الحق صاحب کی بیمار پرسی کیلئے قدم رنجہ فرمایا تھا

دیانتداری اور خدمت ہمارا شعار ہے

ہم اپنے ہزاروں کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں

جنہوں نے

**پستول مارکہ آٹا** استعمال کر کے ہماری حوصلہ افزائی کی ۔۔۔!

نوشہرہ فلور ملز ۔۔۔ جی ٹی روڈ ۔۔۔ نوشہرہ۔ فون ۱۲۶

© rasailojaraid.com